B.Ed. /P - II /April-May 2015

سالانہ امتحان (Annual Exams) بی۔ایڈ (ریگولر) B.Ed Regular اپریل/مئی 2015ء April/May

دوسرا پرچہ: تعلیم کی نفسیاتی اساس

Paper - II : Psychological Foundations of Education

جملہ نشانات : 100 Maximum. Marks — Time : وقت : 3 Hrs گھنٹے

حصہ A — 10 x 6 = 60

نوٹ: (1) مندرجہ ذیل 10 مختصر جوابی سوالات کے جوابات داخلی انتخاب کے ذریعہ دیجیے۔

(2) ہر سوال کا جواب ایک صفحہ یا کم از کم (۱۵) سطور پر مشتمل ہو۔

(3) ہر سوال کے لیے 6 نشانات مقرر ہیں۔

.1 (الف) نفسیات (Psychology) اور تعلیمی نفسیات (Educational Psychology) کے فرق کی وضاحت کیجیے۔

یا

(ب) کیس اسٹڈی طریقہ سے کیا مراد ہے؟ اس طریقہ کے کوئی تین خوبیوں کو مختصراً لکھیے۔

.2 (الف) انفرادی اختلافات کے ذمہ دار اسباب کو بیان کیجیے۔

یا

(ب) اکتساب سے کیا مراد ہے؟ اکتساب کے اصول سمجھایئے۔ اکتساب پر اثر انداز ہونے والے عوامل کو مختصراً سمجھایئے۔

.3 (الف) ذہانت کسے کہتے ہیں۔ اس کے تناظر میں رجحان (Aptitude) اور دلچسپی (Interest) کو سمجھاتے ہوئے کمرۂ جماعت میں اس کی اہمیت کو بیان کیجیے۔

یا

(ب) تخلیقیت (Creativity) سے کیا مراد ہے؟ کیا اس صلاحیت کی کمرۂ جماعت میں تربیت دی جاسکتی ہے؟ تخلیقیت کے حامل افراد کی کیا خصوصیات ہوتی ہیں؟ سمجھایئے۔

.4 (الف) معلم کو گروہی حرکیات (Group Dynamics) سے واقفیت کیوں ضروری ہے؟ گروہی حرکیات کی اہمیت کو واضح کیجیے۔

یا

(ب) اکتسابی کمزوری (Learning Disability) سے کیا مراد ہے؟ کیا کسی بچہ کی ذہانت اور اکتسابی صلاحیت میں کوئی تعلق پایا جاتا ہے؟ سمجھایئے۔

.5 (الف) تعلیمی شماریات سے کیا مراد ہے؟ تعلیمی شماریات کا علم ایک معلم کے لیے کس طرح فائدہ مند ہوتا ہے؟ وضاحت کیجیے۔

یا

(ب) محرکہ سے کیا مراد ہے؟ ماسلو (Maslow) کے نظریہ کے مطابق محرکہ کو سمجھایئے۔

.6 (الف) شخصیت کے تجزیہ کے لیے استعمال ہونے والی کوئی ایک Projective Technique کی تفصیل بیان کیجیے۔

یا

(ب) رہنمائی (Guidance) اور مشاورت (Counselling) کی اہمیت اور ضرورت بالخصوص Adolscence دور میں کیوں ضروری ہے؟ مختصراً لکھیے۔

P.T.O.

7. (الف) تھارن ڈائیک کے بنیادی اکتسابی قوانین کو بیان کیجیے۔

یا

(ب) Bruner کا نظریہ تعلیم بیان کرتے ہوئے کمک (Reinforcement) کو مثال کے ذریعہ سمجھائیے۔

8. (الف) لیڈرشپ کسے کہتے ہیں؟ اچھے لیڈر کے خصوصیات بیان کیجیے۔

یا

(ب) مختصر نوٹ لکھیے۔

(i) ذہین وفطین بچے (ii) ذہنی معذور بچے

9. (الف) خصوصی ضرورت والے بچوں (Children with Special Needs) سے کیا مراد ہے؟ بحیثیت معلم آپ ان کے اکتساب کو کیسے فروغ دیں گے

یا

(ب) مشمولاتی تعلیم (Inclusive Education) سے کیا مراد ہے؟ اس کی اہمیت وافادیت پر روشنی ڈالیے۔

10. (الف) نشوونما اور بالیدگی کے مفہوم میں فروغ واضح کیجیے۔ توارث اور ماحول کا بچوں پر کیا اثر ہوتا ہے۔ سمجھائیے۔

یا

(ب) مختصر نوٹ لکھیے۔

(a) اوسط، وسطانیہ اور بہتانیہ معلوم کرنے کے ضابطے

(b ربعی انحراف (Quartile Deviation)

(c) معیاری انحراف (Standard Deviation) معلوم کرنے کے ضابطے

حصہ B

2 x 20 = 40

نوٹ: (1) **مندرجہ ذیل طویل جوابی سوالات کے جوابات داخلی انتخاب کے ذریعہ دیجیے۔**

(2) **ہر سوال کا جواب 4 صفحات پر مبنی ہو اور 40 سطور سے زائد نہ ہوں۔**

(3) **ہر سوال کے 20 نشانات مختص ہیں۔**

11. (الف) وقوفی نشوونما (Cognitive Development) اور اخلاقی نشوونما (Moral Development) کے تصورات کا موازنہ پیش کیجیے۔ اس ضمن میں Piaget کے نظریات بیان کیجیے۔

یا

(ب) کلاسیکی مشروط اکتساب (Classical Conditioning) کو ہم تعلیم میں کس طرح اطلاق کریں گے۔ موزوں مثالوں کے ذریعہ وضاحت کیجیے۔

12. (الف) Rank Order Correlation سے کیا مراد ہے؟ اس کا علم ایک معلم کے لیے کس طرح فائدہ مند ہوتا ہے۔ مندرجہ ذیل اسکور سے رینک آرڈر کوریلیشن دریافت کیجیے۔

A	40	42	45	35	36	39	48	40	42	47
B	46	43	44	39	40	43	49	44	48	42

یا

(ب) این۔پی۔سی (Normal Probability Curve) کی وضاحت کیجیے اور تدریسی جانچ میں اس کے استعمال پر روشنی ڈالیے۔

☆☆☆☆